درسِ رمضان المبارک:26

مرتب
عالمہ نازیہ بی بی

زیرِ نگرانی
علامہ ابوالنّور راشد علی عطاری مدنی

پیشکش: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَكَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَكَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

نام کتاب : خلاصہ پارہ چھبیس مع درسِ حدیث

مرتب : عالمہ نازیہ بی بی

صفحات : 15

اشاعت اوّل: مارچ 2025ء (ویب ایڈیشن)

پیشکش : ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

اس فائل میں پہلے پارہ میں پائے جانے والے احکامِ الٰہیہ میں سے اوامر اور نواھی منتخب کر کے شامل کیے گئے ہیں۔

یہ خلاصہ قرآن ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل کے کورس "فہم و تدبر قرآن پریکٹیکل کورس" کے شرکاء نے تیار کیا ہے۔ جس کی ٹریننگ کورس میں دی گئی الحمدللہ

خلاصہ مرتب کرنے والے:

عالمہ نازیہ بی بی

خلاصہ قرآن کے بعد شیخ طریقت امیر اہل سنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی دو اربعینات میں سے ایک ایک حدیث پاک شامل ہے۔ ان کا درس آپ بعدِ عصر یا فجر میں اپنی سہولت سے دے سکتے ہیں

ہماری فائل پر عمل کریں گے تو ان شاء اللہ اختتام رمضان پر مکمل قرآن پاک کا مختصر خلاصہ اور 60 احادیث کا درس مکمل ہو گا۔ ان شاء اللہ

خلاصہ پارہ چھبیس

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

الصلوۃ والسلام علیك یارسو ل اللہ

اللہ رب العزت نے ہمیں ایسی کتاب عطا کی جو ہمیں راہِ راست پر چلانے والی ہے اِس پر اُس کا شکر بجالاؤ۔

(پارہ،26، آیت نمبر:2-1)

اور تم بھلائی کی باتیں بیان کرو۔ پچھلی کتابوں کا اقرار کرو۔(پارہ،26، آیت نمبر،4)

اللہ رب العزت کے سوا کسی کو نہ پوجو، کسی کو معبود نہ بناو۔(پارہ،26، آیت نمبر،5)

حق کو باطل کے ساتھ نہ ملاؤ۔(پارہ،26، آیت نمبر،7)

قرآن کلام الہی ہے نہ تو کوئی بنا سکتا اور نہ ہی چیلنج قبول کر سکتا اگر کسی میں ہمت ہے تو بنالاؤ اس کی کوئی مثال۔(پارہ،26، آیت نمبر،8)

اس بات کی گواہی دو کہ قرآن مجید اللہ رب العزت کی ہی کتاب ہے۔

(پارہ،26، آیت نمبر،10)

اس بات کی گواہی دو کہ بے بیشک اللہ ہی ہمارا رب ہے اور اسی پر ثابت قدم رہو۔(پارہ،26، آیت نمبر،14-13)

اپنے والدین کے ساتھ بھلائی کرو۔(پارہ،26، آیت نمبر،15)

اپنے والدین سے اُف تک نہ کہو۔(پارہ،26، آیت نمبر،17)

زمین پر رہ کر ناحق تکبّر نہ کرو اور حکم عدولی نہ کرو۔(پارہ،26، آیت نمبر،20)

اللہ رب العزت کی آیتوں کا انکار نہ کرو اور اس کے عذاب کی ہنسی نہ بناؤ۔(پارہ،26، آیت نمبر،26)

اللہ رب العزت کی نشانیاں دیکھ کر عبرت حاصل کرو اور اللہ رب العزت کے سوا کسی کو خدا نہ ٹھراؤ۔(پارہ،26، آیت نمبر،27-28)

اس بات پر یقین رکھو کہ جو کچھ زمین و آسمان میں ہے سب کو اللہ رب العزت نے ہی پیدا فرمایا۔(پارہ،26، آیت نمبر،33)

اور قیامت کے بعد اٹھائے جانے پر ایمان رکھو۔(پارہ،26، آیت نمبر،33)

صبر پر قائم رہو۔

اللہ رب العزت کی بتائی ہوئی راہ پر چلو۔(پارہ،26، آیت نمبر،1)

کتاب اللہ پر ایمان لاؤ اور نیک اعمال کرو۔(پارہ،26، آیت نمبر،2)

ایمان والوں کو چاہے کہ حق کی پیروی کریں اور جو کچھ اللہ رب العزت کی جانب سے ہے۔(پارہ،26، آیت نمبر،3)

دینِ خدا کی مدد کرو۔(پارہ،26، آیت نمبر،7)

اللہ رب العزت کی طرف سے روشن دلیلوں پر رہو۔(پارہ، 26، آیت نمبر،14)

پرہیز گاری اختیار کرو تاکہ اللہ رب العزت کی نعمتیں پا سکو۔(پارہ، 26، آیت نمبر،15)

اپنی خواہشوں کے تابع نہ ہو۔(پارہ،26، آیت نمبر،16)

فرمابرداری کرو۔ اور اچھی بات کہو۔(پارہ،26، آیت نمبر،21-20)

قرآن پاک میں غور و فکر کرو۔(پارہ،26، آیت نمبر،24-23)

اللہ رب العزت کی ناپسندیدہ چیزوں سے پرہیز کرو۔(پارہ،26، آیت نمبر،28-27)

گھمنڈ نہ کرو۔(پارہ،26، آیت نمبر،29)

کفر نہ کرو اور اللّٰہ رب العزت کی راہ نہ چھوڑو۔(پارہ،26، آیت نمبر، 32)

اے ایمان والو!! اللّٰہ رب العزت کا حکم مانو۔(پارہ،26، آیت نمبر، 33)

دنیا کی زندگی تو یہی کھیل کود ہے اور اگر تم ایمان لاؤ اور پرہیز گاری کرو تو وہ تم کو تمہارے ثواب عطا فرمائے گا اور کچھ تم سے تمہارے مال نہ مانگے گا۔اگر اُنہیں تم سے طلب کرے اور زیادہ طلب کرے تم بخل کرو گے اور وہ بخل تمہارے دلوں کے میل ظاہر کر دے گا۔(پارہ،26، آیت نمبر،36-37)

ایمان والوں!! اللّٰہ رب العزت ذکر سے اطمنان حاصل کرو۔(پارہ، 26:سورۃ الفتح: آیت نمبر،4)

اے لوگو!! اللّٰہ رب العزت اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور رسول کی تعظیم و توقیر کرو اور صبح و شام اللّٰہ کی پاکی بولو۔(پارہ،26: سورۃ الفتح: آیت نمبر،9)

وعدوں کو پورا کرو۔(پارہ،26:سورۃ الفتح: آیت نمبر،10)

کفّار سے جم کر مقابلہ کرو۔(پارہ،26:سورۃ الفتح: آیت نمبر،22)

محمّد اللہؐ کے رسول ہیں اور ان کے ساتھ والے کافروں پر سخت ہیں اور آپس میں نرم دل تو انہیں دیکھے گا رکوع کرتے سجدے میں گرتے اللہ کا فضل و رضا چاہتے ان کی علامت اُن کے چہروں میں ہے سجدوں کے نشان سے یہ ان کی صفت توریت میں ہے اور ان کی صفت انجیل میں جیسے ایک کھیتی اس نے اپنا پٹھا نکالا پھر اُسے طاقت دی پھر دبیز ہوئی پھر اپنی ساق پر سیدھی کھڑی ہوئی کسانوں کو بھلی لگتی ہے تاکہ اُن سے کافروں کے دل جلیں اللہ نے وعدہ کیا ان سے جو ان میں ایمان اور اچھے کاموں والے ہیں بخشش اور بڑے ثواب کا۔(پارہ،26:سورۃ الفتح: آیت نمبر،29)

اے ایمان والو اللہ اور اس کے رسول سے آگے نہ بڑھو اور اللہ سے ڈرو بے شک اللہ سُنتا جانتا ہے۔(پارہ،26:سورۃ الحجرات، آیت نمبر،1)

اے ایمان والو اپنی آوازیں اونچی نہ کرو اس غیب بتانے والے (نبی) کی آواز سے اور ان کے حضور بات چلّا کر نہ کہو جیسے آپس میں ایک دوسرے کے سامنے چلّاتے ہو کہ کہیں تمہارے عمل اکارت نہ ہو جائیں اور تمہیں خبر نہ ہو۔(پارہ،26:سورۃ الحجرات، آیت نمبر،2)

اے ایمان والو اگر کوئی فاسق تمہارے پاس کوئی خبر لائے تو تحقیق کرلو کہ کہیں کسی قوم کو بے جانے ایذا نہ دے بیٹھو پھر اپنے کئے پر پچھتاتے رہ جاؤ۔(پارہ،26:سورۃ الحجرات، آیت نمبر،6)

چھوٹ نہ بولو تم ضرور اس کی وجہ سے مشقّت میں پڑ جاؤ گے۔(پارہ، 26:سورۃ الحجرات، آیت نمبر،8-7)

آپس میں صلح کرو ایک دوسرے پر زیادتی نہ کرو اور عدل وانصاف کے ساتھ فیصلہ کرو۔ بیشک عدل والے اللہ کو پیارے ہیں۔(پارہ،26:سورۃ الحجرات، آیت نمبر،9)

مسلمان مسلمان بھائی ہیں تو اپنے دو بھائیوں میں صلح کرو اور اللہ سے ڈرو کہ تم پر رحمت ہو۔(پارہ،26:سورۃ الحجرات، آیت نمبر،10)

ایک دوسرے پر نہ ہنسو اور ایک دوسرے پر طعنہ زنی نہ کرو۔ ایک دوسرے کے برے نام نہ رکھو۔(پارہ،26:سورۃ الحجرات، آیت نمبر،11)

اے ایمان والو بہت گمانوں سے بچو بیشک کوئی گمان گناہ ہو جاتا ہے اور عیب نہ ڈھونڈھو اور ایک دوسرے کی غیبت نہ کرو کیا تم میں کوئی پسند رکھے گا کہ اپنے مرے بھائی کا گوشت کھائے تو یہ تمہیں گوارا نہ ہو گا اور اللہ سے

ڈرو بیشک اللہ بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔(پارہ، 26: سورۃ الحجرات، آیت نمبر،12)

اے لوگو!! اللہ رب العزت اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان لاؤ۔ اللہ رب العزت کی راہ میں جان و مال سے جہاد کرو۔ (پارہ، 26: سورۃ الحجرات، آیت نمبر،15)

موت پر یقین رکھو۔(پارہ،26:سورۃ قٓ، آیت نمبر،4-3)

اور اس دن سے ڈرو جب کوئی جان کسی جان کا بدلہ نہ دے گی۔ مرنے کے بعد دوبارہ اٹھائے جانے پر یقین رکھو۔ (پارہ،26:سورۃ قٓ، آیت نمبر، 22-21-20)

قرآن اور نصیحت کو توجہ سے سنو اور دل و دماغ سے متوجہ و حاضر رہو ۔(پارہ،26:سورۃ قٓ، آیت نمبر، 37)

صبر پر قائم رہو اپنے رب کی تعریف کرتے ہوئے اس کی پاکی بیان کرو سورج چمکنے سے پہلے اور ڈوبنے سے پہلے اور اللہ رب العزت کی تسبیح بیان کرو۔(پارہ،26:سورۃ قٓ، آیت نمبر، 40-39)

بیشک اللہ رب العزت کا وعدہ سچا ہے اور وہی عدل و انصاف کرنے والا

ہے۔(پارہ،26:سورۃ الذریٰت، آیت نمبر،5-6)

جہالت کے نشے میں آخرت کو نہ بھولو۔ دینی علوم کے معاملے میں کسی کی مذاق نہ اڑاؤ۔ اور اللہ رب العزت کے عذاب سے پناہ چاہو۔(پارہ،26: سورۃ الذریٰت، آیت نمبر،14-13-12-11-10)

درسِ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دُرودِ پاک لکھنے کی فضیلت

منافقت سے پاک دل

مَنْ صَلّٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ طَهُرَ قَلْبُهُ مِنَ النِّفَاقِ كَمَا يُطَهِّرُ الثَّوْبَ الْمَاءُ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم: ”محمد (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) پر جو درودِ پاک پڑھے اُس کا دل مُنافقت سے ایسا پاک ہو جائے گا جیسے کپڑا پانی سے پاک ہو جاتا ہے۔“ (کشف الغمہ، 1/327۔ القول البدیع، ص 277)

لوگوں کے دِلوں میں مَحبّت پیدا ہو گی

مَنْ قَالَ : ”صَلَّى اللهُ عَلَى مُحَمَّدٍ“ فَقَدْ فَتَحَ عَلٰى نَفْسِهٖ سَبْعِيْنَ بَابًا مِّنَ الرَّحْمَةِ وَ اَلْقٰى مَحَبَّتَهٗ فِىْ قُلُوْبِ

النَّاسِ فَلَا یُبْغِضُہٗ اِلَّا مَنْ فِیْ قَلْبِہٖ نِفَاقٌ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: جو کہے: "صلی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ" اس نے 70 دروازے رحمت کے اپنے اوپر کھول لیے، اللہ پاک اُس کی محبّت لوگوں کے دلوں میں ڈالے گا کہ اُس سے بغض نہ رکھے گا مگر وہ جس کے دل میں نفاق ہو گا۔(کشف الغمہ، 1/ 327)

✍ راشد علی عطاری مدنی
ایم فل ریسرچ اسکالر
ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل
https://wa.me/923126392663